## ایم کیوایم کے تحت ''یادگارشہدائے حق'' کا افتتاح 19 جون کو ہوگا

## الطاف حسین افتتاحی تقریب سے خطاب کریں گےاور یادگار کا افتتاح کریں گے

## رابطہ کمیٹی کے ارکان نے جناح گراؤنڈاور یادگارشہداءحق کا دورہ کیا

کراچی۔۔۔15،جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کےشہید کارکنان کی یاد میں جناح گراؤنڈعزیز آباد میں تعمیر کی جانے والی ''یادگارشہدائے حق'' کاافتتاح19 جون بروز ہفتہ کوکیا جائے گا۔ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین ''یادگارشہدائے حق'' کاافتتاح کریں گےاور جنرل ورکرزاجلاس سےٹیلیفونک خطاب کریں گے۔''یادگارشہدائے حق'' کی افتتاحی تقریب میں حق پرست شہداء کے لواحقین،ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کےارکان،حق پرست وفاقی وصوبائی وزراء،سینیٹرز،مشیران،اراکین قومی وصوبائی اسمبلی،ایم کیوایم کےمختلف ونگز وشعبہ جات کےارکان،ایم کیوایم کےمختلف سیکٹروں کے ذمہ داران وکارکنان شرکت کریں گے۔دریں اثناءمنگل کی شام ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کےڈپٹی کنوینرانیس احمد قائم خانی اور رابطہ کمیٹی کےارکان نے جناح گراؤنڈعزیز آباد کا دورہ کیااور جنرل ورکرزاجلاس کے سلسلے میں تیاریوں کا جائزہ لیا۔بعدازاں انہوں نے یادگارشہدائے حق کا بھی دورہ کیااور موقع پرموجود ذمہ داران کوضروری ہدایت دی۔

☆☆☆☆☆